HM Government

Grenfell community updates

# Grenfell Tower: September 2025 community update – Urdu / اردو

**گرینفیل ٹاور: ستمبر 2025 کی کمیونٹی اپ ڈیٹ**

ہمیں احساس ہے کہ گرینفیل ٹاور اس سانحے سے سب سے زیادہ اثر انداز ہونے والوں کے لئے انتہائی ذاتی اہمیت رکھتا ہے اور یہ زمین فیملیز کے لئے مقدس ہے۔ ہم اس متعلق معلومات کا اشتراک کر رہے ہیں کہ حکومت اور ہمارے ٹھیکے داران کس طرح گرینفیل ٹاور کے احترام اور احساس کو مدّنظر رکھتے ہوئے اسے گرانے کی تیاری کر رہے ہیں، اور آپ کے لئے ہم سب بات کرنے کے کیا مواقع ہیں۔

اس اپ ڈیٹ میں آپ کو ذیل کے بارے میں مزید معلومات مل سکتی ہیں:

- **گرینفیل ٹاور کو احتیاط سے گرانے کا کام**
- **ماحولیاتی انتظام کے منصوبوں کا اشتراک**
- **آپ ہم سے کیسے بات کر سکتے ہیں**
- **صحت اور بہبود کی معاونت**

## گرینفیل ٹاور کو احتیاط سے گرانے کے کام کی اپ ڈیٹ

حکومت یہ یقینی بنانے کے لئے کوشاں ہے کہ مقام پر ہونے والا تمام کام اعلی ترین معیارات کے مطابق اور عمارت کی اہمیت کے احترام کے تحت ہو۔ طریقہ کار اس طرح ڈیزائن کیا گیا ہے کہ نزدیک رہائش، تعلیم یا ملازمت رکھنے والوں اور تعظیم بجا لانے کے لئے علاقے میں آنے والوں کو کم از کم خلل کا سامنا ہو۔

جولائی میں ہم نے اس متعلق معلومات کا اشتراک کیا تھا کہ مرکزی ٹھیکے دار (DUK) کس طرح ٹاور کو احتیاط سے گرانے کا کام کرے گا اور کس طرح ہم ٹاور کے مواد کو احترام کے ساتھ حتمی منزل تک پہنچائیں گے۔ آپ

GOV.UK - گرینفیل ٹاور کے مقام کی اپ ڈیٹاردو:

موسم گرما کے دوران DCUK نے تیاری، بشمول کرین کی تنصیب کا کام انجام دیا ۔ دوسرا بینر نصب کیا جا چکا ہے اور اوپری بینر اتارا جا چکا ہے۔ دوسرے بینر کو مغرب سے رات 11 بجے تک روشن کیا جاتا ہے۔ ٹاور کے اوپری حصے سے پلانٹ روم (جس میں ہیٹنگ اور پانی کا ٹینک تھا) اتارنے کا کام مکمل ہو چکا ہے۔ رہائشی منازل پر ابھی کام شروع ہو رہا ہے۔ کام (جو عمارت کے اوپری حصے سے شروع ہو گا) کے حساس طریقے سے منزل در منزل مکمل ہونے پر عمارت کے گرد لگائے گئے کور کی اونچائی میں بتدریج کمی آئے گی۔ ہمیں توقع ہے کہ یہ کام 2027 میں مکمل ہو جائے گا۔

## ماحولیاتی انتظام کے منصوبوں کا اشتراک

جولائی میں ہم نے اس متعلق معلومات کا اشتراک کیا تھا کہ ہم خلل کو کم از کم کرنے اور ہر ممکن حد تک حساس طریقے سے کام کرنے کے لئے کس طرح ہوا کے معیار، شور اور ٹریفک مینجمنٹ کی نگرانی اور انتظام کریں گے۔

آپ یہ کمیونٹی اپ ڈیٹ یہاں پڑھ سکتے ہیں:
گرینفیل ٹاور کے مقام کی اپ ڈیٹ: ماحولیاتی نگرانی - GOV.UK

اس اپ ڈیٹ میں ہماری ہوا کے معیار، دھول اور شور کی سطح کی نگرانی کے بارے میں مزید معلومات دی گئی ہیں اور بتایا گیا ہے کہ اگر حد پار ہوئی تو ہم کیا اقدامات کریں گے۔

ہوا کے معیار، شور اور وائبریشن کی نگرانی کی معلومات ہر مہینے شائع ہوں گی۔

ہم درج ذیل منصوبے دستیاب کر رہے ہیں اور آپ کے ساتھ بخوشی ان پر بات چیت کریں گے:

- ہوا کے معیار اور دھول کے انتظام کا منصوبہ (Air quality and dust management plan, AQDMP)
- شور اور وائبریشن کے انتظام کا منصوبہ (Noise and vibration management plan, NVMP)

یہ منصوبے DUK کے لئے یورپی ماحولیاتی نگرانی اور مشاورت (European Environmental Monitoring and Consultancy, EEMC) نے تیار کیے ہیں جو تعمیراتی کام میں ماحول کے غور طلب عوامل میں مہارت رکھتے ہیں۔

**شور اور وائبریشن کی نگرانی**

NVMP پورے مقام میں شور اور وائبریشن مانیٹرز کی تفصیل اور حکمت عملی کے تحت تنصیب کا خاکہ پیش کرتا ہے۔

کلیدی نکات میں شامل ہیں:

- مقام کے جنوب کی طرف دو وائبریشن مانیٹرز نصب کیے جا چکے ہیں۔
- مقام کی حدود کے گرد شور کے تین مانیٹرز لگائے گئے ہیں تاکہ پوری طرح اس کا احاطہ کیا جائے اور ماحول اور تعمیر سے متعلقہ شور کی سطح پر فی الفور ڈیٹا کا حصول ممکن ہو۔
- ان مانیٹرز کی تنصیب اس طرح کی گئی ہے کہ اثر کے فعال انتظام اور بروقت تخفیف میں معاونت ہو، اور ایسا بہترین طریقہ کار اور ضابطہ کاری رہنمائی کے مطابق ہو۔
- مقام میں شور کے زیادہ خطرے کا تجزیہ کیا گیا ہے اور NVMP اس کے جواب میں تیار کردہ تخفیف کے منصوبے کا خلاصہ پیش کرتا ہے۔ اس منصوبے میں تخفیف کے اقدامات اور اچھے طریقہ کار کے اصول دونوں شامل ہیں جو لندن اتھارٹیز کے شور پر کارروائی کے فورم (London Authorities Noise Action Forum، LANAF) کے مطابق ہیں۔ ان اقدامات کو نزدیک رہائش، تعلیم اور ملازمت رکھنے والوں پر شور کے اثرات کو کم کرنے اور متعلقہ معیارات کی تعمیل یقینی بنانے کے لئے تیار کیا گیا ہے۔
- NVMP شور اور وائبریشن کے سطح اور اس سطح کے بڑھنے پر کیے جانے والے اقدامات کا خلاصہ پیش کرتا ہے۔

**ہوا کے معیار کی نگرانی**

ہوا کے معیار اور دھول کے انتظام کا منصوبہ (AQDMP) ہوا کے معیار کی نگرانی پر لاگو ہونے والا قانونی فریم ورک اور رہنمائی پیش کرتا ہے، اس میں ہوا کے معیار کے انتظام کے ادارے (Institute of Air Quality Management، IAQM) اور گریٹر لندن اتھارٹی (Greater London Authority، GLA) کے بہترین طریقہ کار شامل ہیں۔

**کلیدی نکات میں شامل ہیں:**

- نگرانی کے مقامات: مقام کی حدود پر ہوا کے معیار کے پانچ مانیٹرز نصب کیے گئے ہیں، انہیں حکمت عملی کے ساتھ اس طرح لگایا گیا ہے کہ وہ ہوا کے موجودہ رخ کی عکاسی کریں اور IAQM کی رہنمائی کے مطابق ہوں۔
- متوقع اثر: AQDMP میں درج تخفیف کے اقدامات کے ساتھ توقع ہے کہ دھول پیدا کرنے والی سرگرمیوں کا باقی رہ جانے والا اثر زیادہ نہیں ہو گا، یہ IAQM اور GLA کی رہنمائی کے مطابق ہے۔

- اطلاع اور جواب کے اصول: یہ منصوبہ وضاحت کرتا ہے کہ اگر مخصوص سطح کا تعین ہوا تو کیا کارروائي کی جائے گی اور اگر مخصوص حد پار ہو گئی تو مقام کا عملہ اس کی وجہ کی تفتیش کرے گا اور مناسب ہونے پر تخفیف کے اضافی اقدامات کرے گا۔

یوکے ہیلتھ سکیورٹی ایجنسی (UK Health Security Agency, UKHSA) اس کام کی انجام دہی کے دوران گرینفیل ٹاور کے ارد گرد کے علاقے میں ہوا کے معیار کا تجزیہ اور نگرانی جاری رکھے گی۔ ہوا کے معیار کی رپورٹس ہر مہینے شائع ہوتی رہیں گی۔ آپ یہاں تازہ ترین رپورٹ پڑھ سکتے ہیں: گرینفیل ٹاور کی آگ کے بعد ماحولیاتی نگرانی - GOV.UK

**ہم سے کیسے بات کی جائے یا مزید معلومات کیسے حاصل کی جائیں**

ہم اس طریقے سے معلومات کا اشتراک کرنا چاہتے ہیں جو آپ کے لئے کارآمد ہو۔ اگر اس کام کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات یا خدشات ہیں یا ہم سے گفتگو کا انتظام کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی ہم سے رابطہ کریں۔ ہمارا ای میل ایڈریس GrenfellTowerSite@communities.gov.uk ہے۔

ہم آئندہ مہینوں میں ذیل پر باقاعدگی سے اپ ڈیٹس اور معلومات کا اشتراک جاری رکھیں گے: www.gov.uk/grenfell-community-updates (یا ذیل میں کیو آر کوڈ اسکین کریں)۔ آپ ای میل اطلاعات کے لئے بھی سائن اپ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ چاہیں تو ہم آپ کو براہ راست ای میل پر باقاعدہ اپ ڈیٹس بھیج سکتے ہیں۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ ہم آپ سے براہ راست اس معلومات کا اشتراک کریں تو براہ مہربانی ہم سے GrenfellTowerSite@communities.gov.uk پر رابطہ کریں۔

اس کام پر تبادلۂ خیال کرنے، خدشات کا اشتراک کرنے اور سوالات پوچھنے کے لئے آپ ہماری باقاعدہ میٹنگز میں عہدیداران اور ہمارے مرکزی ٹھیکے دار DUK سے ملاقات کر سکتے ہیں۔ ہم آپ کے لئے آسان اور آرام دہ وقت، تاریخ اور مقام پر آپ کے ساتھ انفرادی یا گروہی طور پر بات کرنے کے لئے دستیاب ہیں۔

**اگر آپ کو صحت اور بہبود کی معاونت درکار ہے**

ٹاور کو احتیاط سے گرانے کے مکمل عمل کے دوران سوگوار فیملیز، سروائیورز اور نزدیکی کمیونٹی کے رہائشیوں کے لئے جذباتی و جسمانی بہبود کی معاونت دستیاب رہے گی۔

اگر آپ کو صحت کے کوئی خدشات ہیں تو براہ مہربانی اپنے جی پی سے رابطہ کریں۔

اگر آپ کسی سے بات کرنا چاہتے ہیں تو آپ درج ذیل کام کر سکتے ہیں:

- گرینفیل بہبود کی سروس (Grenfell Wellbeing Service) کو 020 8637 6279 پر کال کریں (ہر روز صبح 8 تا رات 8 بجے)
- ہنگامی صورتحال میں CNWL کی سنگل پوائنٹ آف ایکسس (Single Point of Access) مشاورتی لائن کو 0800 0234 650 پر کال کریں (یہ دن کے 24 گھنٹے، ہفتے کے سات دن کھلی ہوتی ہے)
- ای میل: grenfell.wellbeingservice@nhs.net
- مزید معلومات کے لئے ملاحظہ کریں: www.grenfellwellbeing.cnwl.nhs.uk

دستیاب خدمات کے بارے میں تازہ ترین معلومات اور تفصیلات کے لئے ملاحظہ کریں: www.grenfell.nhs.uk۔

گرینفیل ٹاور کی تازہ ترین خبروں اور ای میل اطلاعات کی خاطر سائن اپ کرنے کے لئے براہ مہربانی ذیل پر جائیں: www.gov.uk/grenfell-community-updates یا درج ذیل کیو آر کوڈ اسکین کریں۔

ہم آپ سے جاننا چاہیں گے کہ آپ گرینفیل ٹاور کے سانحے کے متعلق ہمارے کام کی اپ ڈیٹس کیسے وصول کرنا چاہتے ہیں۔ اگر آپ چاہیں تو آپ ہمارا مختصر رائے دہی کا فارم مکمل کر کے اپنے نظریات کا اشتراک کر سکتے ہیں:

[گرینفیل (Grenfell) کمیونٹی: مواصلات پر رائے دہی کا فارم - GOV.UK]